سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ ڈکشنری کی دستاویز میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# سماجی بہبود

# SERVEIS SOCIALS

### Absentisme escolar تعلیمی ادارے سے غیر حاضری

لازمی تعلیم کی عمر والے طلباوطالبات کی سکول یا انسٹیٹیوٹ سے غیر حاضری کو تعلیمی اداروں سے غیر حاضری کہا جاتا ہے

### ACNUR پناہ گزینوں بارے اقوام متحدہ کا ادارہ

اقوام متحدہ کے عالمی ادارے کی پناہ گزینوں بارے قائم کردہ تنظیم کو آکنور کہا جاتا ہے۔اس تنظیم کا کام پوری دنیا کے مہاجرین اور پناہ گزینوں کی ضروریات کیلئے کام کرنا ہے

### Activitats de lleure فارغ وقت میں غیر نصابی سرگرمیاں

فارغ وقت میں بچوں کو مصروف رکھنے کیلئے جو سرگرمیاں کی جاتی ہیں انہیں غیر نصابی سرگرمیاں کہا جاتا ہے

### Albergs d'acollida per a persones sense sostre بے گھر افراد کیلئے عارضی رہائش گاہ

میونسپل کارپوریشن اور غیر سرکاری سماجی تنظیموں کی جانب سے قائم کردہ مراکز جہاں پر بے گھر افراد کو عارضی طور پر پناہ مل سکتی ہے۔عام طور پر یہاں کھانے اور رہائش کا بندوبست ہوتا ہے۔ان مرکز میں صرف چند دن تک ہی رہا جا سکتا ہے

### Atenció precoç دماغی امراض میں مبتلا بچوں کی توجہ کیلئے

ایسے بچوں اور نابالغ افراد کیلئے جو بچپن سے ہی دماغی امراض کے شکار ہوں اور انہیں اس بات کا مسلسل خدشہ ہو کہ کبھی بھی دورہ پڑ سکتا ہے۔ایسے بچوں کا پیدائش کے وقت دماغ ابھی پوری طرح نشو و نما نہیں پاتا ۔اگر ایسے بچوں کی پرورش میں احتیاط نہ برتی جائے تو ان کی بیماری خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ایسے بچے مسلسل توجہ کے مستحق ہوتے ہیں تا کہ ان کی نشو و نما کا عمل بہتر انداز میں پورا ہو سکے

### Benestar سماجی بہبود

ایسا معیار زندگی جس میں تمام لوگ مطمئن ہوں کہ ان کی بنیادی ضروریات پوری ہو رہی ہیں جن میں خوراک ۔صحت وصفائی ۔رہائش۔جذباتی ضروریات شامل ہیں

### Beques escolars تعلیمی وظائف

مالی مدد۔پرائمری اور سیکنڈری سکول تک تعلیمی وظائف عام طور پر سکول میس میں بچوں کے کھانا کھانے کیلئے یا کتابوں کے لئے مالی مدد ہوتی ہے۔اس کے علاوہ یونیورسٹی کے طلبا کیلئے وفاقی حکومت کی جانب سے وظائف بھی دیئے جاتے ہیں ۔ان وظائف کے حصول کیلئے عام طور پر مقررہ مدت کے دوران ہی درخواست دی جا سکتی ہے

## Casals cívics سوک سنٹر۔ثقافتی مراکز

سماجی وثقافتی مراکز جن کا مقصد علاقے میں تہذیب وتمدن بارے سرگرمیوں کو فروغ دینا مختلف تنظیموں کے ساتھ تعاون کرنا اورانہیں جگہ کی فراہمی اورشرکت کیلئے مناسب ذرائع فراہم کرنا ہوتا ہےاس کے علاوہ مختلف تنظیموں اورشہریوں کو مل بیٹھنے کے موقع فراہم کرتا ہے۔ ہر سوک سنٹراپنے مرکز کیلئے چار ماہ کا پروگرام تشکیل دیتا ہے۔

## Casals de gent gran بزرگ شہریوں کیلئے قائم کردہ مرکز

بزرگ افراد کیلئے بہتری کیلئے قائم کردہ مرکز جہاں ان کی دلچسپی کی چیزیں ہوتی ہیں۔ایسے مراکز مختلف ممالک کے بزرگ شہریوں کے درمیان ہم آہنگی اوراخوت کی فضا پیدا کرنے اوران کی معاشرتی سرگرمیوں میں شرکت کو یقینی بناتا ہے۔ان مراکز میں ساٹھ سال سے زائد عمر کے افراد۔52 سالہ ریٹائرڈ افراداوران کے جیون ساتھی آسکتے ہیں

## Cases d'acolliment per a dones en situació de violència de gènere گھریلوتشدد کاشکارخواتین کیلئے قائم کردہ مراکزیادارلامان

ایسی خواتین جواپنے جیون ساتھی کی وجہ سے گھریلوتشدد کا شکار ہوں اوران کے ساتھ ان کے بچے بچیاں بھی ہوں ان کو عارضی طور پر رہائش فراہم کرنے کیلئے ایسے مراکز بنائے جاتے ہیں کیونکہ انہیں مجبورا" اپنا گھر بار چھوڑنا پڑتا ہےاوران کے پاس کوئی ٹھکانہ نہیں ہوتا جہاں وہ اپنے بچوں کیساتھ سر چھپاسکیں اورنہ ہی ان کے مالی وسائل ان کے مسائل کا ساتھ دیتے ہیں۔ان مراکز میں ابتدائی توجہ۔بنیادی مدد۔سماجی طور پر بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے مراکز **Equips Bàsics d'Atenció Social i Primària** قائم کیے جاتے ہیں۔ان مراکز میں خاندانوں بارے حکومتی پالیسی کے تحت گھریلوتشدد کا شکار افراد کیلئے قائم سیکرٹریٹ اورشہری وسماجی بہبود۔انسانی حقوق کا ڈیپارٹمنٹ مل کر تعاون کرتے ہیں

## Cases del mar بحری مراکز

سمندر میں کام کرنے والے افراد کے اہل خانہ میں معاشرتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اوران کی بہبود کے لئے کام کرنے والی سماجی تنظیموں کے ساتھ تعاون کیلئے قائم کردہ مراکز

## Centre d'Intervenció Especialitzada CIE گھریلوتشدد کاشکارخواتین کیلئے تالثی مرکز

ایسے مراکز جہاں گھریلوتشدداوردوسرے خاندانی مسائل کاشکارخواتین کیلئے علومات ورہنمائی۔ان کی بحالی اوران کے بچوں کی ذہنی طور پر بحالی کیلئے خصوصی توجہ دی جاتی ہے

## Centres d'acolliment d'infants i adolescents بچوں اورنابالغ افرادکی نگہداشت کے مراکز

معاشرتی عدم توجہ کاشکار بچوں اورنابالغ افراد کیلئے عارضی رہائش کے مراکز۔ یہاں پرصرف ان بچوں اورنابالغ افرادکو رکھا جاتا ہے جنہیں فوری مدد کی ضرورت ہوتی ہےاورانہیں ان کے خاندان سے الگ رکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔اس مرکز کا مقصد بچوں کے مسائل کو جاننا اورپھراس کیلئے مناسب اقدام کرنا شامل ہے۔ یہ مراکز بچوں اورنابالغ افراد کے ڈائرکٹوریٹ جنرل سے وابستہ ہے

## Centres d'Atenció a Persones Disminuïdes (CAD) معذورافرادکی بحالی کے مراکز

ایسے مراکز معذورافرادکی مددورہنمائی کیلئے بنائے جاتے ہیں ان کا مقصد معذورافرادکو ملنے والی سہولتوں اورمالی امداد کے حصول کیلئے ان کی مدد کرنا ہے۔اس کے علاوہ ان کا مقصد معذورافراد کے اہل خانہ اوران کے بچوں کی مددورہنمائی کرنا ہے۔ایسے مراکز دوسری خدمات کے علاوہ معذورافرادکوان کیلئے قائم مراکز میں بھیجنے کیلئے کاغذی کاروائی میں مدداور ان کی معذوری بارے سرٹیفکیٹ وغیرہ جاری کرتا ہے

### Centres de Desenvolupament Infantil i d'Atenció Precoç (CDIAP) ذہنی طور پر معذور بچوں کی نشوونما اور بحالی کے مراکز

ایسے مراکز چھ سال تک کی عمر کے بچوں کی مدد و رہنمائی اور بحالی کیلئے قائم کئے جاتے ہیں جو پیدائشی دماغی امراض کا شکار ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں اور نابالغ افراد کیلئے جو بچپن سے ہی دماغی امراض کے شکار ہوں اور انہیں اس بات کا مسلسل خدشہ ہو کہ کبھی بھی دورہ پڑ سکتا ہے۔ ایسے بچوں کا پیدائش کے وقت دماغ ابھی پوری طرح نشوونما نہیں پاتا۔ اگر ایسے بچوں کی پرورش میں احتیاط نہ برتی جائے تو ان کی بیماری خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ ایسے بچے مسلسل توجہ کے مستحق ہوتے ہیں تاکہ ان کی نشوونما کا عمل بہتر انداز میں پورا ہو سکے۔ یہاں ان بچوں کیلئے مختلف ماہرین صحت وصفائی۔ نفسیاتی۔ جسمانی صفائی۔ انسانی مدد۔ سماجی و خاندان کی مدد کیلئے موجود ہوتے ہیں۔ ایسے مراکز کتلان انسٹیٹیوٹ برائے معاونت و سماجی بہبود کے تحت کام کرتے ہیں

### Centres de dia per a gent gran بزرگ شہریوں کیلئے ڈے کیئر سنٹر

مختلف خاندانوں کی مدد کرنے کیلئے بزرگ شہریوں کو دن کے وقت مدد و رہنمائی فراہم کرنے اور دن کے وقت مصروف رکھنے کیلئے ایسے مراکز قائم کئے جاتے ہیں۔ دوسری خدمات کے علاوہ ان مراکز میں فزیوتھراپی۔ صحت وصفائی۔ نفسیاتی۔ جسمانی صفائی۔ انسانی مدد۔ سماجی و خاندان کی مدد کیلئے ماہرین موجود ہوتے ہیں

### Centres de salut صحت کے مراکز

ابتدائی توجہ کے طبی مراکز اور مسلسل توجہ کیلئے قائم کردہ طبی مراکز محکمہ صحت کے تحت کام کرتے ہیں۔ جہاں ڈاکٹر حضرات ہمارا طبی معائنہ کرتے ہیں۔ طبی مراکز وہ جگہ ہیں جہاں بیماری کی صورت میں ہمیں سب سے پہلے جانا چاہئے

### Centres oberts per a menors نابالغ افراد کیلئے قائم کردہ مراکز

معاشی عدم توجہ کا شکار بچوں اور نابالغ افراد کیلئے قائم کردہ مراکز جو سکول کے اوقات کار کے بعد صرف دن کے وقت کھلے ہوتے ہیں۔ ایسے مراکز تعلیمی یا معاشرتی طور پر پیچھے رہ جانے والے بچوں کی مدد و رہنمائی کرتے ہیں۔ بنیادی تعلیم میں ان کی معاونت اور فارغ وقت میں ان کیلئے کھیل کی سرگرمیوں کا اہتمام کرتے ہیں۔ ایسے مراکز میونسپل کارپوریشن یا کسی بھی تنظیم کے ماتحت ہوتے ہیں۔ ایسے مراکز بچوں اور نابالغ افراد کے ڈیپارٹمنٹ کی مالی مدد سے کام کرتے ہیں

### Centres Residencials d'Acció Educativa (CRAE) تعلیم عمل کی بہتری کیلئے قائم کردہ مراکز

ایسے مراکز ان بچوں اور نابالغ افراد کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے قائم کئے جاتے ہیں جن کی کفالت کرنے والا کوئی نہیں یا عارضی طور پر وہ لاوارث ہیں۔ جب تک وہ بچے اپنے والدین یا سرپرستوں کے پاس نہیں جاسکتے تب تک انہیں ان مراکز میں رکھا جاتا ہے۔ ایسے مراکز بچوں اور نابالغ افراد کے ڈیپارٹمنٹ کی مالی مدد سے کام کرتے ہیں

### Certificat d'arrelament social خصوصی سماجی حالات کی ریذیڈنسی کیلئے سرٹیفکیٹ

کسی بھی کارپوریشن میں رہائشی اندارج رکھنے والے افرد کیلئے میونسپل کارپوریشن کے شعبہ سماجی بہبود کی جانب سے جاری کیا جانے والا سرٹیفکیٹ تاکہ درخواست دہندہ اپنی ریذیڈنسی کے حصول کیلئے کاغذ جمع کروا سکے۔ یہ سرٹیفکیٹ اس مقصد کیلئے لازمی ہے۔

### Certificat de reconeixement de discapacitat معذوری بارے سرٹیفکیٹ

کسی بھی شخص کی معذوری کی حد کا تعین کرنے کیلئے ایک دستاویز جاری کی جاتی ہے جسے معذوری بارے سرٹیفکیٹ کہا جاتا ہے۔ یہ سرٹیفکیٹ ماہرین پر مشتمل افراد کی ایک کمیٹی *Equip de Valoració i Orientació (EVO)* جاری کرتی ہے۔ حکومت کی طرف سے ملنے والی سہولتوں اور مالی امداد کا انحصار اس کمیٹی کی رپورٹ پر ہے

اوراس کیلئے کم ازکم 33 فیصد معذوری لازمی ہے

## Consells comarcals مضافاتی علاقوں کی کونسل

مضافاتی علاقوں کا انتظام چلانے والی کمیٹی۔کتلان حکومت۔جنرلیتات دے کتلونیا اور ڈیپوتاسیون اس کمیٹی کو اختیار دیتی ہے۔ان کا مقصد ہر علاقے کی میونسپلٹی کو علاقائی ترقی کیلئے مدد ورہنمائی فراہم کرنا ہے۔

## Desprotecció d'infants i d'adolescents عدم توجہ کا شکار بچے اور نابالغ افراد

ایسے بچے اور نابالغ افراد جو کسی وجہ سے عدم توجہ کا شکار ہیں۔اس عدم توجہ کی وجہ سے بچے کی ذہنی وجسمانی نشوونما پر بہت برے اثرات پڑتے ہیں

## Document de viatge سفری دستاویز

سفری دستاویز اس سرٹیفکیٹ کو کہتے ہیں جو کسی بھی نابالغ فرد کو کسی دوسرے ملک کے سفر کیلئے مخصوص مدت تک دیا جاتا ہے۔اس دستاویز کی تیاری اس ملک میں قائم ہسپانوی قونصلیٹ کرتی ہے جہاں بچے نے جانا ہوتا ہے

## Eliminació de barreres arquitectòniques تعمیراتی وتکنیکی رکاوٹوں کا خاتمہ

تعمیراتی وتکنیکی رکاوٹوں کا خاتمہ سے مراد معذور افراد کی سہولت کیلئے فٹ پاتھ۔سیڑھیوں۔باتھ روم وغیرہ کے استعمال میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔تاکہ ایسے معذور افراد جو نابینا یا پہیوں والی کرسی استعمال کرتے ہیں انہیں سہولت مل سکے۔

## Empadronament رہائشی اندراج کی دستاویز

اس سے مراد اپنی متعلقہ میونسپل کارپوریشن میں اپنی رہائش کا اندراج کروانا ہے۔پادرون کسی بھی کارپوریشن میں مقیم افراد کی رجسٹریشن کا نام ہے۔رہائشی اندراج بہت ضروری ہے کیونکہ اسکے بعد ہی ہم سماجی بہبود اور سرکاری اداروں کی تمام سہولتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔اس کیلئے کسی بھی شخص کا لیگل مقیم ہونا ضروری نہیں۔

## Equip de valoració i orientació (EVO) per a persones amb disminució کسی بھی شخص کی معذوری بارے رپورٹ دینے والی ماہرین کی کمیٹی

اس کمیٹی میں ایک ڈاکٹر۔ایک ماہر نفسیات۔ایک سماجی ورکر شامل ہوتا ہے جو مل کر کسی بھی شخص کی معذوری کے بارے میں اس کی حد کا تعین کرتے ہیں۔یہ کمیٹی معذور افراد کیلئے قائم کردہ مراکز ***Centres d'Atenció a Persones Disminuïdes (CAD)*** میں کام کرتی ہے

## Equips Bàsics d'Atenció Social Primària (EBASP) سماجی بہبود کے ابتدائی توجہ کے مراکز میں قائم کمیٹی

اس کمیٹی میں مختلف ماہرین شامل ہوتے ہیں۔جو سماجی بہبود کے کتلان مراکز کی ابتدائی جگہ ہے۔ڈسٹرکٹ۔میونسپلٹی۔مضافاتی علاقوں میں قائم ان مراکز سے کتلونیا میں مقیم تمام افراد رابطہ کر سکتے ہیں اور وہاں موجود سہولیات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔اس کیلئے رہائشی اندراج ہونا لازمی ہے۔اس سلسلے میں آپ ایمپادرونامنتو ***Empadronament*** کے شعبہ ملاحظہ کریں

## Equips d'Atenció a la Infància i l'Adolescència (EAIA) بچوں اور نابالغ افراد کی خصوصی نگہداشت کی کمیٹی

ماہرین نفسیات۔اطفال۔اور سماجی بہبود کے کارکنوں پر مشتمل افراد کی کمیٹی ایسے بچوں اور نابالغ افراد کی مدد ورہنمائی اور اس بارے میں مسلسل توجہ کیلئے کام کرتے ہیں۔جو معاشرہ

اور اپنے خاندان کی عدم توجہ کا شکار ہیں۔ یہ کمیٹی بچوں اور نابالغ افراد کے خاندان کے ذریعے ان کی بہتری یا ان بچوں کو اپنے خصوصی مراکز میں رکھ کر دیکھ بھال کرنے کا انتظام کرتی ہے

## Famílies d'acolliment نگہداشت کرنے والے خاندان

ایسے خاندان جو کسی متاثرہ بچے کی نگہداشت اور کفالت کا ذمہ لے اور اسے معاشی اور متحرک بہتر معیار زندگی فراہم کرسکے

## Fedatari کسی حلف نامہ کو تصدیق کرنے کا مجاز

قونصلر یا نوٹری پبلک جو کسی فرد کے بیان کی تصدیق کرنے کا مجاز ہو۔ اس سے مراد کسی بھی دستاویز اور اس کی تحریر کی تصدیق کرنا

## Habitatges tutelats per a persones grans بزرگ شہریوں کی سہولت کیلئے قائم رہائش گاہیں

52 سال سے زائد العمر افراد کیلئے خصوصی طور پر تیار کردہ کرایہ یا ملکیت والے مکانات۔ اس میں مشترک استعمال کی سہولیات زندگی میسر ہوتی ہیں تاکہ بزرگ شہری آسانی سے اپنی روزمرہ کے معاملات سے عہدہ برا ہوسکیں

## Hotel d'Entitats سماجی تنظیموں کا ہوسٹل

غیر سرکاری و نفع و نقصان کے بغیر کام کرنے والی مختلف تنظیموں اور سماجی اداروں کی مدد کیلئے قائم مرکز۔ اس میں دوسری خدمات کے علاوہ دفاتر۔ جگہ۔ میٹنگ ہال۔ کانفرنس ہال۔ وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔ جو بہت ہی معمولی کرایہ پر ان لوگوں کیلئے دستیاب ہوتی ہیں

## Igualtat de gènere جنسی مساوات

اس سے مراد عورتوں اور مردوں میں مساوی حقوق و فرائض ہوں۔ جس طرح سے ہسپانوی آئین میں درج ہے۔ سرکاری ادارے حصول روزگار اور معاشرے میں عدم مساوات کی فضا کو ختم کرنے کیلئے کام کررہے ہیں

## Institut Català de les Dones خواتین کیلئے کتلان انسٹیٹیوٹ

کتلان حکومت کے زیر اہتمام چلنے والا ادارہ جو خواتین کے ذریعے اور خواتین کیلئے منصوبہ بندی کرنے کا ذمہ دار ہے۔ دوسرے معاملات کے علاوہ تمام شعبہ ہائے زندگی اور کتلان حکومت اور اس کے ذیلی اداروں میں خواتین کی نمائندگی کو یقینی بنانے کیلئے کام کرتا ہے۔ مختلف پروگراموں کے ساتھ خواتین کے ساتھ ہونے والے امتیازی سلوک۔ گھریلو تشدد۔ خواتین کے معاشرتی اتصال اور خواتین کی تنظیموں کیلئے کام کرتا ہے

## 900 900 120 Líniea d'atenció a les dones en situació de violència گھریلو تشدد کا شکار خواتین کی مدد و رہنمائی کیلئے مفت ٹیلی فون سروس

گھریلو تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کی فوری اور رازداری کے ساتھ مدد کرنے کیلئے اور انہیں ہر طرح کی قانونی۔ میڈیکل اور دوسرے ماہرین کی خدمات مفت پہنچانے کیلئے سال کے 365 دن اور 24 گھنٹے کام کرتا ہے۔ اس فون پر مدد حاصل کرنے والی خواتین کو اگر ضرورت ہو تو ہنگامی خدمات کا بھی انتظام کرتا ہے

## Línia Verda سبز لائن

ڈرگ اور نشہ آور چیزوں کے عادی افراد کی مدد و رہنمائی اور انہیں اس لعنت سے چھٹکارہ پانے بارے ہر قسم کی سہولت فراہم کرنے کیلئے حکومت نے ماہرین پر مشتمل سبز لائن (93 412 04 12) قائم کررکھی ہے۔ یہ سہولت محکمہ صحت کے تحت فراہم کی جاتی ہے

## Llei de protecció de dades de caràcter personal ذاتی کوائف کی رازداری کا قانون

تمام سرکاری ادارے۔ غیر سرکاری سماجی تنظیمیں اور مراکز پر لازم ہے کہ وہ کسی بھی شخص کے ذاتی کوائف جو ان تک پنچتے ہیں ان کی رازداری کو برقرار رکھیں۔ اس سلسلے میں متاثرہ افراد کا حق ہے کہ ان کے بارے میں کسی کو نہ بتایا جائے

## Ludoteques کھیل کود کے مراکز

کھیل اور کھلونوں کیلئے مخصوص جگہ کو لڈوٹیکا کہا جاتا ہے جہاں پانچ سال سے سولہ سال تک کے بچوں کیلئے کھیلیں ہوتی ہیں۔ ان مراکز میں کھیل ہی کھیل میں تعلیم کے حصول پر کام کیا جاتا ہے اس کے علاوہ ان کی نشوونما کی طرف دھیان دینے کے ساتھ ساتھ ان کو بڑوں کی دنیا میں رہن سہن کے اطوار سکھائے جاتے ہیں

## Maltractament غیر انسانی سلوک

مختلف قسم کی حرکات جو کسی بھی انسان کے بنیادی انسانی حقوق کو پامال کرنے کیلئے کی جاتی ہیں جن میں عدم توجہ۔ بھوکا رکھنا۔ صفائی بارے عدم توجہ۔ ذہنی، جسمانی، جنسی تشدد۔ کام کی زیادتی شامل ہیں۔ اس سلسلے میں مزید علومات کیلئے گھریلو تشدد ***Violència de gènere***۔ عدم توجہ کا شکار بچوں کیلئے ٹیلی فون ***Telèfon de la infància per a situacions de risc social o maltractament***۔ گھریلو تشدد کا شکار خواتین کیلئے ٹیلی فون سروس ***Línia d'atenció a les dones en situació de violència***۔ کے شعبہ جات ملاحظہ کریں

## Oficines municipals d'atenció al ciutadà شہریوں کی مدد و رہنمائی کیلئے کارپوریشن کا دفتر

مختلف سرکاری معاملات میں مدد و رہنمائی کیلئے کارپوریشن کا دفتر۔ جہاں آپ کو رہائشی رجسٹریشن۔ گھریلو ایڈریس میں تبدیلی۔ کارپوریشن کے مختلف ٹیکسوں کی ادائیگی۔ کارپوریشن کے مختلف اداروں بارے علومات وغیرہ مل سکتی ہیں۔

## Oficines d'Acció ciutadana شہریوں کی مدد کیلئے قائم دفتر

اس دفتر کا مقصد شہریوں کو کتلان حکومت کے سماجی بہبود ڈیپارٹمنٹ کی خدمات بارے بتانا ہے۔ اس کے علاوہ اس دفتر سے آپ کو ثقافتی۔ سماجی اور شہری سرگرمیوں بارے ہر قسم کی مدد و رہنمائی مل سکتی ہے

## Organització Internacional per a les Migracions (OIM) مہاجرین کی بین الاقوامی تنظیم

دنیا بھر کے مہاجرین کی مدد کیلئے کام کرنے والا ادارہ۔ جو تمام مہاجرین کیلئے انسانی احترام اور سماجی خدمات فراہم کرنے کیلئے کام کرتا ہے

## Pensió no contributiva per jubilació i invalidesa ریٹائر اور معذور افراد کیلئے امدادی پنشن

ایسے بزرگ اور معذور افراد جن کے مالی وسائل ناکافی ہیں اور وہ اپنی بنیادی ضروریات پورا کرنے سے قاصر ہیں حکومت نے ایسے افراد کیلئے امدادی پنشن کا انتظام کیا ہے۔ یہ مدد سوشل سیکورٹی ***Seguretat Social*** کے محکمہ کے تحت دی جاتی ہے

## Permís de residència رہنے کا اجازت نامہ

وہ اجازت نامہ جسے ہم عرف عام میں ریذیڈنسی کہتے ہیں جو ہمیں اسپین میں رہنے کے حقوق فراہم کرتا ہے۔ یہ اجازت نامہ مستقل یا عارضی دونوں اقسام کے ہو سکتے ہیں

## Permís de treball i residència کام اور رہائش کا اجازت نامہ

ایسا اجازت نامہ جو ہمیں اسپین میں رہائش کے ساتھ ساتھ کام کرنے کا حق بھی دلاتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمیں عام شہریوں کے برابر حقوق دلاتا ہے

## Persones sense sostre i indigents گھر کے بغیر افراد

ایسے افراد جن کے پاس اپنا گھر نہیں اور وہ باہر سڑکوں پر سونے پر مجبور ہیں

## Pisos assistits سرکاری مکانات

18 سال سال سے بالغ افراد کیلئے بنائے گئے گھر کیونکہ جب وہ بالغ ہوتے ہیں اور انہیں اپنے ماں باپ سے الگ رہنا پڑتا ہے مگر ان کے وسائل تنے نہیں کہ گھر لے سکیں ان کی ابتدائی طور پر مدد کیلئے حکومت نے گھر تعمیر کئے ہیں تا کہ وہ خود مختار ہو سکیں اور انہیں معاشرے میں رہنے اور حصول روزگار سے پہلے گھر کی پریشانی نہ ہو

## Pisos pont per a dones en situació de violència domèstica گھریلو تشدد کا شکار خواتین کیلئے عارضی رہائش گاہ

گھریلو تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کو عارضی طور فوری رہائشگاہ کی فراہمی کیلئے حکومت نے ان مکانات کا بندوبست کیا تا کہ جب تک عدالتی کاروائی مکمل ہو ان خواتین کو تحفظ دیا جسکے اس کے بعد ان مستقل بنیادوں پر جگہ فراہم کی جاتی ہے۔ ان کا مقصد ان خواتین کو حصول روزگار کیلئے تیار کرنا اور ان کی خاندانی و معاشرتی حیثیت کو برقرار رکھنا ہے

## Pla d'ajuda al retorn dels catalans کتلان شہریوں کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام

ایسے کتلان باشندے جو اس بات پر متفق ہوں کہ وہ کتلونیا میں اپنے پیشہ وارانہ۔ افرادی قوت کی خدمات رضا کارانہ طور پر ادا کرنے کو تیار ہیں اور وہ مندرجہ ذیل صورتحال میں ہوں اس قسم کی مالی امداد اور دیگر سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے درخواست فارم بھرنا ضروری ہے تا کہ آپ کو کتلان امیگرنٹس اور ان کے لواحقین کی واپسی کیلئے امدادی پروگرام کے تحت مدد مل سکے۔ اس میں مختلف قسم کی سہولتوں کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ جس میں سماجی بہبود۔ روزگار کی تلاش۔ ترتیبی پروگرام اور رہائش وغیرہ شامل ہیں

## Programa de retorn voluntari d'immigrants (PreviCat) رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانے کے خواہشمند تارکین وطن کیلئے کتلان پروگرام

ایسے تمام تارکین وطن جو رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جانا چاہتے ہوں اور ان کے مالی وسائل اس بات کی اجازت نہ دیتے ہوں۔ اس پروگرام کے تحت ان کی مدد تمام تر کاغذی و دفتری کاروائی۔ جہاز کی ٹکٹ اور وطن واپسی پر دوبارہ سے کام کرنے کیلئے کچھ امدادی رقم شامل ہیں

## Programa d'inserció sociolaboral تلاش روزگار میں مدد کا پروگرام

اس پروگرام کے تحت 18 سال سے زائد عمر کے نوجوانوں کیلئے تلاش روزگار میں ان کی مدد کی جاتی ہے۔ اس میں ان کیلئے ترتیبی پروگرام اور بعض کمپنیوں میں ترتیبی کورسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہر نوجوان کو ایک ٹیوٹر دیا جاتا ہے جو اسے کام سکھانے اور اپنی مدد آپ کے تحت کام کرنے تک مدد دیتا ہے

## Programes d'ajuts de suport a les persones amb dependències i a les persones cuidadores دوسرے افراد کی مدد اور توجہ کے محتاج لوگوں کیلئے امدادی منصوبہ

اس منصوبے کے تحت مندرجہ ذیل کام کئے جاتے ہیں

- بزرگ شہریوں کی مدد۔ ان کی ڈے کیئر سنٹر اور مستقل رہائش گاہوں میں نگہداشت کا پروگرام
- بزرگ شہریوں کیلئے مالی امداد کا پروگرام جنہیں نگہداشت کی ضرورت ہے
- معذور بزرگ شہریوں کیلئے عارضی رہائش کا انتظام

## Programes d'orientació i inserció laboral تلاش روزگار کیلئے مدد و رہنمائی کا پروگرام

بیروزگار افراد کی پیشہ وارانہ تربیت اور ان کو تلاش روزگار میں مدد دینے کیلئے ان کی رہنمائی کرنا۔ جب تک انہیں کوئی کام نہ ملے تب تک کسی فلاحی یا سرکاری پروگرام میں مدد کے تحت ان کو تنخواہ دینا۔ اس طرح سے انہیں روزگار کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔ ایسے پروگرام محکمہ محنت کے تحت چلائے جاتے ہیں۔ جس میں مختلف ورکشاپس۔ ماہرانہ تربیتی مراکز وغیرہ شامل ہیں

## Punt de trobada مل بیٹھنے کی جگہ

اس پروگرام کا مقصد طلاق یا علیحدگی کے بعد بچوں کے والدین کو ایک جگہ پر مل بیٹھنے کی جگہ اور موقع فراہم کرنا ہے۔ تاکہ ٹوٹے ہوئے گھروں کو پھر سے جوڑنے کی کوئی تدبیر نکل سکے۔ ایسی تمام ملاقاتیں ماہرین کی زیرنگرانی ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں کی مشترکہ دیکھ بھال کیلئے والدین میں ہونے والے جھگڑے میں کمی کی کوشش کرنا وغیرہ شامل ہیں

## Reagrupament familiar خاندان کو اکٹھا کرنا

غیرملکیوں بارے قانون کے تحت خاندانوں کی نجی زندگی کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ اس لئے اسپین کے قانون کے مطابق تمام تارکین وطن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے اہل خانہ کو اپنے ساتھ رکھ سکیں۔ اس طرح سے اسپین میں مقیم امیگرنٹ اپنی فیملی کیلئے ویزہ درخواست دے سکتے ہیں

## Renda mínima d'inserció (PIRMI) کم آمدنی والے خاندانوں کی مدد کا پروگرام

ایسے خاندان جن کی آمدنی کم ازکم مقررہ تنخواہ **Salari mínim interprofessional** سے کم ہے ان کیلئے حکومت نے مالی امداد انتظام کر رکھا ہے

## Residències per a gent gran بزرگ شہریوں کیلئے مستقل رہائش گاہ

ایسے مراکز جہاں بزرگ شہری مستقل طور پر رہ سکتے ہیں۔ یہ ایسی جگہ ہوتی ہے جہاں تمام بزرگ مل جل کر رہتے ہیں۔ یہاں پر انہیں مختلف سہولتیں حاصل ہوتی ہیں اور انہیں وہاں آنے جانے اور ملاقاتیوں سے ملنے کی اجازت ہوتی ہے

## Salari mínim interprofessional کم ازکم مقررکردہ تنخواہ

کم ازکم مقررکردہ تنخواہ اسے کہا جاتا ہے جو مالکان کی تنظیموں حکومت اور مزدور تنظیموں کے باہمی مشورے کے بعد طے کی جاتی ہے جس کا مطلب ہے کہ اس سے کم تنخواہ نہیں دی جا سکتی

## Seguretat Social سوشل سیکورٹی

سوشل سیکورٹی قومی انسٹیٹیوٹ سے مراد ایسا نظام ہے جو تمام افراد کی سماجی بھلائی اور تحفظ کا ذمہ دار ہے۔ اس کے بنیادی اصولوں میں مالیاتی اخوت ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ یہ حکومت مالکان اور مزدوروں کی جانب سے دی جانے والی رقم سے کام کرتا ہے۔ یہ بیماری۔ کام کے دوران حادثات۔ ریٹائرمنٹ۔ بیوگی۔ یتیمی۔ معذوری وغیرہ کی صورت میں متاثرہ افراد کی مدد کرتا ہے

## Servei d'atenció domiciliària گھر پر نگہداشت کی سروس

کسی بھی شخص کو ذاتی مدد دینے کیلئے تاکہ وہ عارضی معذوری یا بیماری کے دوران اپنے آپ کو اکیلا یا بےبس نہ پائیں اس سروس میں متاثرہ افراد کی طبی امداد۔ گھر کی صفائی۔ کھانا پکانا وغیرہ شامل ہیں

## Servei telefònic d'informació de la Generalitat 012 امیگرنٹس کیلئے جنرلیتات کی ٹیلی فونک سروس 012

شہریوں کی مدد کیلئے امیگرنٹس کی خصوصی مدد و رہنمائی کی ٹیلی فونک سروس۔ یہاں سے آپ اپنے کاغذات بارے مکمل معلومات۔ اپنے قریبی صحت کے مراکز اور تعلیمی اداروں

بارے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ ٹیلی فونک سروس پورا سال اور چوبیس گھنٹوں کیلئے ہے تاہم یہ مفت کال سروس نہیں

## Servei telefònic d'informació de la Generalitat 012 Immigració کتلان حکومت کی جانب سے امیگریشن بارے معلومات کی فراہمی کیلئے قائم ٹیلی فون سروس

کتلان حکومت جنرلتات دے کتلونیا نے امیگریشن متعلقہ معلومات کی فراہمی کیلئے شہریوں کی رہنمائی کی ٹیلی فون سروس قائم کر رکھی ہے جہاں پر آپ ہر قسم کی دفتری کاروائی اور امیگریشن سے متعلقہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے بچوں کے داخلے بارے قریبی تعلیمی مراکز اور ان سے متعلقہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سروس سال کے 365 دن اور چوبیس گھنٹے میسر ہے۔ تاہم واضح رہے کہ یہ مفت سروس نہیں

## Serveis Socials سماجی بہبود کی خدمات

مختلف حکومتی اداروں کی جانب سے شہریوں کیلئے مدد و رہنمائی۔ تحفظ اور دوسری خدمات پر مشتمل سہولتوں کو سماجی بہبود کی خدمات کہا جاتا ہے۔ ان کا مقصد عام لوگوں۔ خاندانوں۔ مختلف افراد کے گروپوں کو مدد فراہم کرنا ہے جو معاشی یا معاشرتی مسائل و خطرات کا شکار ہیں

## Teleassistència domiciliària گھریلو ٹیلی فونک سروس

اس سروس کے تحت صرف ایک بٹن دبانے سے بزرگ شہری گھر بیٹھے فوری طور پر ماہرین پر مشتمل ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ ٹیلی فوم کی لائن اور ایک مخصوص آلہ کے ساتھ کام کرتی ہے۔ جس کا ایک حصہ امدادی مرکز اور دوسرا حصہ صارف کے گھر میں ہوتا ہے

## 900 300 777 Telèfon de la infància en situació de risc social o maltractament عدم توجہ یا گھریلو تشدد کا شکار بچوں کیلئے ٹیلی فونک سروس

سال کے 365 دنوں اور 24 گھنٹے کام کرنے والی ٹیلی فونک سروس جس پر عدم توجہ یا گھریلو تشدد کا شکار بچے کسی بھی وقت مدد و رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو ان بچوں کے بارے میں جانتے ہوں جو گھریلو تشدد یا عدم توجہ کا شکار ہیں وہ بھی اس فون پر رابطہ کر کے اطلاع دے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں آپ تشدد ***maltractament*** بارے شعبہ میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

## Toxicòman نشہ آور اشیا کی عادت

اس سے مراد ایسے افراد ہیں جو کسی نشہ یا ڈرگ کے عادی ہو چکے ہیں یا شراب کی لت پڑی ہوئی ہے

## Violència de gènere گھریلو تشدد

اقوام متحدہ اسے خواتین کے ساتھ ہونے والے تشدد مراد لیتا ہے۔ مختلف قسم کی حرکات جو کسی بھی انسان کے بنیادی انسانی حقوق کو پامال کرنے کیلئے کی جاتی ہیں جن میں عدم توجہ۔ بھوکا رکھنا۔ صفائی بارے عدم توجہ۔ ذہنی جسمانی، جنسی تشدد۔ کام کی زیادتی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ خواتین کو میاں بیوی کے تعلق میں تنہا چھوڑنا بھی شامل ہے۔ اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے گھریلو تشدد کا شکار خواتین کیلئے ٹیلی فون سروس ***Línia d'atenció a les dones en situació de violència*** کے شعبہ میں ملاحظہ کریں